ظالموں کیخلاف مظلوموں کی آواز روزنامہ عوامی دنیا

DAILY AWAMI DUNIYA GUJRANWALA

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رہاڑ

ABC کیطرف گامزن

چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو

روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان

چیف ایگزیکٹو سید صادق علی شاہ

لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ

چوہدری ایڈیٹر عابد سعید گل

جلد نمبر 32، شمارہ نمبر 223 | جمعۃ المبارک 17 شعبان المعظم 1447ھ، 6 فروری 2026ء، 24 ماگھ 2081ب، صفحات 4، قیمت 10 روپے

ہر پاکستانی کے دل میں کشمیر کی محبت لہو بن کر دوڑتی ہے

مریم نواز

جانوں کا نذرانہ دے کر حق خودارادیت کی شمع روشن رکھنے والے کشمیری شہداء کو خراجِ عقیدت، بھارتی بربریت نے جنت نظیر وادی کو جیل بنا دیا ہے، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی ادارے کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے خلاف اپنا قانونی کردار ادا کریں

مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل تک، خطے میں پائیدار امن خواب ہی رہے گا، مظلوم کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے، وزیرِاعلیٰ مریم نواز شریف کا یومِ یکجہتی کشمیر پر پیغام

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یومِ یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر پاکستانی کے دل میں کشمیر کی محبت لہو بن کر دوڑتی ہے۔ جانوں کا نذرانہ دے کر حق خودارادیت کی شمع روشن رکھنے والے کشمیری شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وزیرِاعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سات دہائیوں سے بھارتی سفاکیت کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے والے کشمیریوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ بھارتی بربریت نے جنت نظیر وادی کو جیل بنا دیا ہے۔ اقوام متحدہ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

محسن آباد، سدھو والی روڈ پر واقع مارکیٹ میں بجلی کے کھمبے پر غیر محفوظ طریقے سے لٹکتے ہوئے میٹر دکانداروں اور شہریوں کے لیے شدید مشکلات

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) محسن آباد، سدھو والی روڈ پر واقع مارکیٹ میں بجلی کے کھمبے پر غیر محفوظ طریقے سے لٹکتے ہوئے میٹر دکانداروں اور شہریوں کے لیے شدید مشکلات اور خطرات کا باعث بن گئے۔ تاروں کے آپس میں الجھنے کے باعث میٹروں کا جل جانا معمول بن چکا، اس سے نہ صرف مالی نقصان ہو رہا، بلکہ کسی بھی وقت بڑے حادثے کا خدشہ بھی موجود ہے۔ مقامی شہریوں و دکانداروں راشد بھٹی، وسیم آہیر، عمر بلوچ، اسامہ ونیس نے کہا ہے کہ میپکو اہلکاروں کی مسلسل غفلت اور لاپرواہی کے باعث مارکیٹ میں آتشزدگی کے خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے، تاہم متعدد شکایات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چینی سفیر کا وزارت داخلہ کا دورہ، بلوچستان میں دہشتگردی کی مذمت

پاکستان سے اظہارِ یکجہتی، چینی شہریوں کو ہر ممکن سیکیورٹی فراہم کرنا حکومتِ پاکستان کی اولین ترجیح ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چینی سفیر نے وزارت داخلہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ مکمل اظہارِ یکجہتی کیا ہے۔ چین کے سفیر جیانگ ژی ڈونگ کا وزارت داخلہ میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیر مقدم کیا، اس موقع پر وزیر داخلہ اور چینی سفیر کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی گئی۔ چینی سفیر نے بلوچستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

حافظ نعیم الرحمٰن امیر جماعت اسلامی پاکستان کے حکم پر پورے ملک میں پانچ فروری یوم یک جہتی کشمیر کے طور پر منایا جایا گیا

جھاوریاں سرگودھا (راجہ فیاض) حافظ نعیم الرحمٰن امیر جماعت اسلامی پاکستان کے حکم پر پورے ملک میں پانچ فروری یوم یک جہتی کشمیر کے طور پر منایا جایا گیا جھاوریاں میں ریلی عثمان چوک سے شروع ہوئی پل نہر چوک پر ختم ہوئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد بشیر اعوان ایڈووکیٹ سابق امیدوار صوبائی اسمبلی جماعت اسلامی پی پی 80 واٹس پر پریذیڈنٹ تحصیل بار شاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

انڈین طیاروں کی طرح ہوگا

بھارتی کٹھ پتلیوں کا حال

شہباز شریف

پاکستان عوام اور حکومت کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے حاضر ہوا ہوں، سابق صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چودھری کی وفات پر غمزدہ ہیں، اس موقع پر مرحوم بیرسٹر سلطان محمود چودھری کے بلندی درجات کیلئے دعا بھی کی گئی

عسکری اور سفارتی محاذ پر بھارتی جھوٹ کا بیانیہ دفن ہوگیا، بھارت ذلت آمیز شکست کے بعد اپنی پراکسی کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کرا رہا ہے، خارجہ محاذ پر بھی پاکستان نے زبردست کامیابیاں حاصل کی ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بھارتی کٹھ پتلیوں کا حال انڈین طیاروں کی طرح ہوگا، معرکہ حق میں ذلت آمیز شکست کے بعد بھارت پراکسیز سے دہشت گردی کرا رہا ہے، عظیم قربانیوں کے نتیجے میں جلد کشمیر کی آزادی ممکن ہوگی۔ آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان عوام اور حکومت کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے حاضر ہوا ہوں، سابق صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چودھری کی وفات پر غمزدہ ہیں، اس موقع پر مرحوم بیرسٹر سلطان محمود چودھری کے بلندی درجات کیلئے دعا بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جدوجہد آزادی کشمیر کے ہر قائد اور شہری کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں، کشمیری اپنے بچے تک قربان کر سکتے ہیں مگر حق آزادی سے دستبردار نہیں ہو سکتے، بابائے قوم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا، یہ ہماری خارجہ پالیسی کی بنیاد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں صحافی سمیت متعدد افراد لٹ گئے

کاموں کے اور گردونواح میں ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلا دیا

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں صحافی سمیت متعدد افراد لٹ گئے، کاموں کے اور گردونواح میں ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلا دیا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز سٹی پریس کلب کاموں کے نائب صدر چوہدری محمد گجر اپنے گاں سموں بالا سے کاموں کے آرہے تھے کہ لالو پور چوک کے قریب دو مسلح ڈاکوں نے انہیں گن پوائنٹ پر روک لیا اور پندرہ ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ اسی دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

محسن آباد معروف سرائیکی دانشور، صحافی اور شاعر رازش لیاقت پوری کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی

قرآن خوانی گزشتہ روز ان کے آبائی گاں موضع دھارے اوٹ میں منعقد ہوئی

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) محسن آباد معروف سرائیکی دانشور، صحافی اور شاعر رازش لیاقت پوری کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی گزشتہ روز ان کے آبائی گاں موضع دھارے اوٹ میں منعقد ہوئی۔ قرآن خوانی میں سیاسی، سماجی اور ادبی شخصیات سمیت علاقہ مکینوں کی بڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اہم ایکس میسج، آلو کی 12 ملین میٹرک ٹن ریکارڈ پیداوار کا تاریخی سنگ میل

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایکس پر اپنے پیغام میں ہے کہ پنجاب میں آلو کی ریکارڈ پیداوار حاصل کر کے تاریخی سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ رواں سیزن پنجاب میں آلو کی 12 ملین میٹرک ٹن ریکارڈ پیداوار ہوئی ہے۔ آلو کی پیداوار میں گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

حکومت کشمیر کو محض رسمی معاملہ نہ بنائے، عملی اقدامات کرے۔ غزہ پیس بورڈ میں شمولیت مسترد کرتے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر عظیم الشان یکجہتی کشمیر مارچ منعقد کیا گیا جو اسٹیٹ بینک سے شروع ہو کر چیئرنگ کراس پر اختتام پذیر ہوا، مارچ کی قیادت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیا الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

شیخ ساجد، شیخ امجد اور شیخ ماجد کے والد شیخ زکریا کی وفات بہت بڑا صدمہ ہے

شیخ ذکریا مرحوم کو اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، شیخ شاہد علی ستارہ

واہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) شیخ ساجد، شیخ امجد اور شیخ ماجد کے والد شیخ زکریا کی وفات بہت بڑا صدمہ ہے، شیخ ذکریا مرحوم کو اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، وائس آف شیخ برادری دکھ کی اس گھڑی میں مرحومین کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار برائے ممبر کنٹونمنٹ بورڈ و بانی و چیئرمین وائس آف شیخ برادری شیخ شاہد علی ستارہ نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں کیا ان کا کہنا تھا کہ شیخ ذکریا صاحب کی وفات ہمارے لیے بہت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کا اجتماعی شادی پروگرام

غریب و مستحق خاندانوں کی خوشیوں کو دوبالا کرنے میں معاون بن رہا ہے، محمد اشفاق چیمہ

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کا اجتماعی شادی پروگرام غریب و مستحق خاندانوں کی خوشیوں کو دوبالا کرنے میں معاون بن رہا ہے، محمد نصیر آسی مرحوم کے لگائے ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کے پودے کو مرحوم کے ساتھی آبیاری کر رہے ہیں، ہر سال مستحق، نادار خاندانوں کی بچیوں کو نکاح جیسی عظیم سنت کے ذریعے رخصتی کی جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد اشفاق چیمہ اوورسیز چیئرمین ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن نے ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کے ماہانہ اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں صدر میر آصف محمود، صوفی محمد اقبال آرائیں، ملک طالب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گوجرانوالہ کے زیر اہتمام 1 ارب 60 کروڑ روپے کے عطیات کے وعدے

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقدہ ڈنر کانفرنس میں اہلِ خیر نے الخدمت فاؤنڈیشن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مجموعی طور پر 1 ارب 60 کروڑ روپے کے عطیات کے وعدے کیے۔ کانفرنس کا مقصد خدمتِ انسانیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

دوا اور منشیات فروش پول سے ٹکرا کر زخمی ہوگئے

جس کو پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) دوا اور منشیات فروش پول سے ٹکرا کر زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق ریکارڈ یافتہ منشیات فروش جاوید پولیس پارٹی پر فائرنگ کے بعد فرار ہو رہا تھا کہ راستے بجلی کے کھمبے سے ٹکرا کر زخمی ہوگیا جس کو پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا اور اس کے قبضہ 1560 گرام چرس، بلا نمبری موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا جبکہ دوسرے واقعہ میں تھانہ سٹی کاموں کے علاقہ ملں پولیس پارٹی پر فائرنگ کے بعد فرار ہوتے ہوئے ملزم جاوید عرف جیدی پول سے ٹکرا کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

صرافہ بازار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات امن گروپ فاتح قرار

مرکزی صرافہ ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے سالانہ انتخابات کامیابی، جوش و خروش اور بھرپور شرکت کے ساتھ مکمل ہو گئے

گوجرانوالہ (سٹاف رپوٹر) مرکزی صرافہ ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے سالانہ انتخابات کامیابی، جوش و خروش اور بھرپور شرکت کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ انتخابی نتائج کے مطابق امن گروپ کے امیدوار حاجی ریاض احمد 225 ووٹ حاصل کر کے ایک بار پھر صدر منتخب ہو گئے جبکہ ان کے مدمقابل رانا نعیم 174 ووٹ لے سکے۔ صرافہ برادری کی جانب سے اس کامیابی کو امن گروپ کی پالیسیوں اور قیادت پر بھرپور اعتماد کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے۔۔ اس شاندار انہی مشترکہ کوششوں اور تاجر برادری کے بھرپور اعتماد کے باعث منتخب صدر حاجی ریاض احمد مسلسل مرکزی صرافہ بازار کے صدر منتخب ہوتے چلے آرہے ہیں۔ انتخابی کامیابی کے بعد خوشی کا اظہار بھرپور انداز میں کیا گیا۔ سیٹھ سلیم راجپوت کی سرپرستی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پنجاب گورنمنٹ کی جانب سے پارکس کی بیوٹیفکیشن اور خوبصورت پودوں کے ساتھ لائٹنگ کی تنصیب کا سلسلہ جاری

کوٹ رادھا کشن (عبدالرزاق طیبی) پنجاب گورنمنٹ کی جانب سے پارکس کی بیوٹیفکیشن اور خوبصورت پودوں کے ساتھ لائٹنگ کی تنصیب کا سلسلہ جاری کوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مودی نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے

بھارت میں اقلیتوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے، چودھری کاشف شہزاد سندھو ایڈووکیٹ

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) مودی نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے، بھارت میں اقلیتوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابق جنرل سیکرٹری تحصیل بار ایسوسی ایشن چودھری کاشف شہزاد سندھو ایڈووکیٹ نے اپنے بیان کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام پاکستانی کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بیگناہ کشمیریوں پر انسانیت سوز مظالم پر عالمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

منشیات کیس میں سزا یافتہ اڈیالا جیل کا قیدی انتقال کر گیا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) منشیات کیس میں سزا یافتہ اڈیالا جیل کا قیدی انتقال کر گیا۔ قیدی بابر سلیم کو خرابی صحت پر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی منتقل کیا گیا تھا۔ قیدی با (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی

ریلی اسلامک سنٹر مادل کالونی سے شروع ہو کر موتی بازار، مین بازار، لاہوری دروازہ سے ہوتی ہوئی شیخ القرآن چوک پر اختتام پذیر ہوئی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی، ریلی اسلامک سنٹر مادل کالونی سے شروع ہو کر موتی بازار، مین بازار، لاہوری دروازہ سے ہوتی ہوئی شیخ القرآن چوک پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی میں ضلعی امیر ناصر محمود کلیر، صابر حسین بٹ، صدر بابائے صحافت پریس کلب افتخار احمد بٹ، حافظ فرحان منیر بٹ، سنئیر نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران محمد اکبر بٹ، جاوید مغل، صاحبزادہ محمد رفیق نعیم، رضوان ساجد، سیف اللہ بٹ، مرزا غلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ٹرمپ کے چکر میں پڑنے کی بجائے حکمران کشمیر پر ذمہ داری پوری کریں، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (نیوز ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کشمیری تحمیل پاکستان کی جنگ لڑ رہے ہیں، پاکستان کے حکمران ٹرمپ کی خوشنودی کے چکر میں پڑے رہنے کی بجائے کشمیر پر اپنی ذمہ داری پوری کریں، آزاد کشمیر کو حقیقی معنوں میں تحریک آزادی کشمیر کا بیس کیمپ بنایا جائے۔ جماعت اسلامی اور پوری پاکستانی قوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کشمیریوں پر بھارتی مظالم بند کرو 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صدر مرکزی پریس کلب چونیاں کا مطالبہ

چونیاں (نواب یاور حسین اسدی) کشمیریوں پر بھارتی مظالم بند کرو 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صدر مرکزی پریس کلب چونیاں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق مرکزی پریس کلب چونیاں کے صدر سردار محمد وقاص باقر ڈوگر نے آج 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام پر بھارتی مظالم کے فوری خاتمے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خود ارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور عالمی برادری کو ان کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ صدر پریس کلب نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

یو این قراردادوں پر عمل درآمد میں بھارت کی ہٹ دھرمی بڑی رکاوٹ ہے، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد میں بھارت کا منفی رویہ اور ہٹ دھرمی سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اقوام متحدہ کشمیر میں استصوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

انتشار پھیلانے والوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی جاری رہے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست بلوچستان میں خونریزی اور انتشار پھیلانے والوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی جاری رکھے گی، پاکستان کی وحدت، ترقی اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عیسا جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

تھانہ صدر واہ پولیس نے بڑی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند روز قبل درج ہونے والے اندھے قتل کے مقدمے کو کامیابی سے ٹریس کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

واہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) تھانہ صدر واہ پولیس نے بڑی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند روز قبل درج ہونے والے اندھے قتل کے مقدمے کو کامیابی سے ٹریس کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزم مقتول کا قریبی دوست تھا، جس کے اکانٹ میں مقتول اپنی رقم بطور امانت جمع کرواتا رہا۔ تحقیقات کے مطابق جب مقتول نے اپنی جمع شدہ رقم کی واپسی کا تقاضا کیا تو ملزم نے طیش میں آ کر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں مقتول موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد تھانہ صدر واہ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ضلعی و سٹی پاکستان پیپلز پارٹی کے صدر چوہدری اعجاز سماں اور ودود حسن ڈار کی زیر صدارت کشمیر ریلی

ریلی کی نگرانی ضلعی جنرل سیکرٹری چوہدری عمران حبیب سردیا، سٹی جنرل سیکرٹری خالد حسین باجوہ، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر فیصل چوہدری نے کی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع و سٹی گوجرانوالہ کے زیر اہتمام کشمیر ریلی نکالی گئی۔ ریلی حیدری انڈر پاس سے شروع ہو کر شیرانوالہ باغ پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کی صدارت ضلعی صدر چوہدری اعجاز سماں اور سٹی صدر ودود حسن ڈار نے کی۔ ریلی میں پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے نائب صدر میاں اظہر حسن ڈار نے خصوصی شرکت کی۔ حیدری انڈر پاس پر سٹی جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کی قیادت میں منگلا پل پر یوم یکجہتی کشمیر کی پروقار تقریب

تقریب میں شریک شہریوں نے فلک شگاف نعروں کے ذریعے کشمیری بھائیوں کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا

جہلم (ثاقب محمود کشمیری) پاکستان اور آزاد کشمیر کو ملانے والے پل پر ہزاروں شہریوں نے انسانی ہاتھوں کی طویل زنجیر بنا کر دنیا کو کشمیریوں کی آزادی کا مضبوط پیغام پہنچا دیا۔ تقریب میں شریک شہریوں نے فلک شگاف نعروں کے ذریعے کشمیری بھائیوں کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی شہ رگ کشمیر کی آزادی تک اخلاقی و سفارتی حمایت جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

غنڈہ عناصر گروپ نے محنت کش کا گھر نذر آتش کر ڈالا

مقدمہ کی پیروی پر چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے خاتون پر وحشیانہ تشدد

گوجرانوالہ (کرائم رپورٹر) غنڈہ عناصر گروپ نے محنت کش کا گھر نذر آتش کر ڈالا، مقدمہ کی پیروی پر چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے خاتون پر وحشیانہ تشدد، تفصیل کے مطابق کوہلووالہ کے رہائشی محمد عرفان کی ہمسایہ اعجاز سے مقدمہ بازی کی رنجش چل رہی تھی اسی رنجش پر اعجاز، وقاص عرف بلو نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ عرفان کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں عالمی ضمیر کے لیے چیلنج ہیں

بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہا، مخدوم سید مبین احمد

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) محسن آباد۔ 36 ویں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مقامی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق رکن قومی اسمبلی مخدوم سید مبین احمد نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں عالمی ضمیر کے لیے چیلنج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہا، اسے کوئی پوچھنے والا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سیم نالہ پل کی تعمیر کیلئے حکومت نے کینال وڈ ریچ حکام سے رپورٹ طلب کر لی

تتلے عالی (نامہ نگار) سیم نالہ پل کی تعمیر کیلئے حکومت نے کینال وڈ ریچ حکام سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تتلے عالی کاموں کی روڈ پر سیم نالہ کا پل مدت پوری کر چکا ہے اس کے دونوں جانب لگا حفاظتی آہنی جنگلہ ٹوٹ کر نالے میں گر چکا ہے، رات کے اوقات میں گاڑی، موٹر سائیکل نالہ میں میں گر سکتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی

ریلی اسلامک سنٹر مادل کالونی سے شروع ہو کر موتی بازار، مین بازار، لاہوری دروازہ سے ہوتی ہوئی شیخ القرآن چوک پر اختتام پذیر ہوئی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی، ریلی اسلامک سنٹر مادل کالونی سے شروع ہو کر موتی بازار، مین بازار، لاہوری دروازہ سے ہوتی ہوئی شیخ القرآن چوک پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی میں ضلعی امیر ناصر محمود کلیر، صابر حسین بٹ، صدر بابائے صحافت پریس کلب افتخار احمد بٹ، حافظ فرحان منیر بٹ، سنئیر نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران محمد اکبر بٹ، جاوید مغل، صاحبزادہ محمد رفیق نعیم، رضوان ساجد، سیف اللہ بٹ، مرزا غلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سرپرست چوہدری سمیع اللہ باجوہ
ABC
چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو
روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان
چیف ایڈیٹر سید صادق علی شاہ
لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ
چوہدری ایڈیٹر عابد سعید گل

برف، بارود اور لہو

کشمیر کی وادی جنت نظیر! آج تو نوے کی دہائی کے وہ ابتدائی دن یاد ہونگے نا جب وادی کے اس پار کشمیری نوجوانوں نے جہاد افغانستان سے نئے ولولے پانے کیلئے بڑی تعداد میں اونچے برفیلے پہاڑی راستوں کو طے کرتے ہوئے پاس پار آتے کتنے نوجوان جانیں ہار گئے اور کتنے فراسٹ بائٹ کا شکار ہو کر اپنے ہاتھوں اور پیروں سے محروم ہو بیٹھے۔ جماعت اسلامی نے اپنے کارکنان اور قائد قاضی حسین احمد کی قیادت میں دیدہ و دل فرش راہ کر دیئے۔ محترم الیف الدین ترابی صاحب ان دنوں سعودی عرب سے تعلیم مکمل کر کے منصورہ آئے تھے۔ وہ اکثر کہتے کہ وادی میں تحریک آزادی کی نئی لہر اٹھی ہے، گاہے بہت سی باتوں پر اتنا یقین نہ آتا کہ اچانک ایک موسم سرما میں ہزاروں کی تعداد میں نوجوان آن پہنچے اور انکے لئے جماعت اسلامی نے پوری قوم سے مدد کیلئے اپیل کر دی۔ ڈاکٹر غلام نبی فائی کہتے ہیں کہ، میں اور ڈاکٹر ایوب ٹھاکر قاضی صاحب سمیلئے منصورہ آئے تو انھوں نے مجھ سے پوچھا کہ کشمیر کی تاریخ میں کون سا ایسا دن ہے کہ جسکو ہم پاکستان میں منا سکیں، میں نے کہا کہ 5 جنوری۔ 5 جنوری 1949 کو اقوام متحدہ کے پاک و ہند کمیشن نے کشمیر پر قرارداد پاس کی اور دوسری 21 اپریل 1948 جب سلامتی کونسل نے کشمیر پر قرارداد نمبر 47 قبول کی، ڈاکٹر صاحب بتاتے ہیں کہ آغا جان نے کہا کہ پانچ جنوری تو بہت قریب ہے، لیکن ہم ان شاءاللہ 5 فروری کو اس دن کا اعلان کرتے ہیں اور ہمارے پاس تیاری کیلئے یہ مہینہ ہے۔ پھر وہ ہمیں عبداللہ عمر نصیف جو رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل تھے اور میاں نواز شریف کے پاس بیٹھے تھے، ملاقات کیلئے لیکر گئے اور ان کو کہا کہ ہم کشمیر کیلئے پورے عالم اسلامی کو متحرک کرنا چاہتے ہیں۔ اس وقت بے نظیر بھٹو کی حکومت تھی، انکی خواہش تھی کہ بے نظیر بھٹو ہی اسکا اعلان کریں۔ ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ میں حیران ہوا کہ کس قدر بے لوث انسان ہیں کہ اللہ نے انھیں موقع دیا ہے مگر یہ دوسروں کو آگے کر رہے ہیں۔ لہذا بے نظیر صاحبہ اور نواز شریف صاحب نے مرکزی طور پر بھی 5 فروری کو یوم کشمیر منانے کے اعلان کو قبول کیا اور یوں یہ اعزاز جماعت اسلامی اور قاضی حسین احمد کو ملا کہ انھوں نے 5 فروری کو یوم کشمیر کی روایت کا آغاز کیا۔ جماعت اسلامی کی قیادت نے ہیلی کاپٹر کرایے پہ لے کر ایک ہی دن میں لاہور، اسلام آباد، مظفر آباد اور کراچی میں یوم کشمیر کی ریلیوں سے خطاب کیا۔ قاضی حسین احمد نے انھی دنوں سینٹ کے ممبران کا ایک آل پارٹیز وفد بنا کر دنیا کے مختلف ممالک کا دورہ کیا اور سربراہان مملکت سے لے کر پارلیمانی وفود کے ساتھ تبادلہ خیال اور مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا۔ ترکی کے صدر ترگت اوزال کے متعلق آغا جان بتاتے تھے کہ ان سے آدھا گھنٹہ ملاقات طے تھی مگر انکی مسئلہ کشمیر سے دلچسپی کا یہ عالم تھا کہ ہم تین گھنٹے بات چیت کرتے رہے۔ اس زمانے میں حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی سیکرٹری جنرل محترمہ عائشہ منور پاکستان کے مختلف شہروں سے خواتین کے وفود بنا کر کشمیر کے دورے پر جاتیں، مقبوضہ وادی سے آئے لوگوں کے احوال سنتیں اور دامے، درمے، سخنے مدد کرتیں۔ مال روڈ لاہور پر جماعت اسلامی کا جلوس اور پھر جلسہ قابل دید ہوتا۔ تمام دینی و سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کی شرکت آج بھی یاد ہے۔ نوابزادہ نصراللہ کی نپی تلی تقریر ذہن میں آج بھی تازہ ہے۔ کشمیر کیلئے میری امی نے اپنے سارے گہنے آغا جان کو لا کر دے دیئے تھے کہ جب پوری قوم سے اپیل کر رہے ہیں تو میرے زیور سب سے پہلے وصول کریں۔ ان دنوں خواتین کا جذبہ بے مثال تھا۔ آج اسی جذبے کو پھر سے بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ جنت نظیر وادی کو جہنم کی آگ کی طرح نہ جلاو۔ یہ وادی جسے ایشیا کا دل کہا جاتا ہے۔ جو تین نیوکلیئر طاقتوں پاکستان، چائنہ اور بھارت کے سنگم پر واقع ہے، جسکی سرحدیں دنیا کے چھ ممالک پاکستان، انڈیا، چین، افغانستان، کرغیزستان اور تاجکستان سے ملتی ہیں جو تاریخی اور جغرافیائی دونوں لحاظ سے پاکستان کا اٹوٹ انگ ہے اور جسکیلئے سلامتی کونسل کی قراردیں موجود ہیں جسکی تائید امریکہ، برطانیہ اور فرانس نے کی تھی کہ کشمیر کا مستقبل وہاں کے باشندوں کی مرضی کے مطابق طے کیا جائیگا۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان ان گزشتہ ستر برسوں میں مذاکرات کے تقریباً ڈیڑھ سو سے زیادہ ادوار ہوئے مگر کوئی نتیجہ خیز فیصلہ کبھی منظر عام پر نہ آسکا۔ کشمیریوں کی پانچ نسلیں غلامی کی زنجیریں توڑنے کی جدوجہد میں عمریں گزار چکیں مگر کوئی کسی قوم کو کیسے غلام بنا سکتا ہے جبکہ انکی ماوں نے انھیں آزاد جنا ہو۔ بھارت اس حقیقت کو جتنا جلدی جان لے، اتنا ہی بہتر ہوگا کہ کوئی بھی کشمیر کا سودا نہیں کر سکتا۔ ہم سب جتنا جلدی مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کی طرف قدم اٹھائیں اتنا ہی اس خطے کی ترقی کیلئے مفید ہوگا، آئین مظلوم کشمیری قوم کو اسکا حق خود ارادیت دے کر اپنے اپنے ملکوں میں غریب عوام کی بنیادی ضرورتوں اور معاشی استحکام پر توجہ دیں ورنہ ایٹمی اسلحوں کے انبار پر بیٹھا یہ خطہ، اللہ کی پناہ، کہیں بھسم نہ ہو جائے۔ کشمیر کو ہماری پانچ فروری کی وقتی ہمدردی نہیں، ہماری جاگتی ہوئی فکر، مسلسل آواز اور ثابت قدمی کی ضرورت ہے۔ اگر ہم ثابت قدم رہے تو زنجیریں خود کمزور پڑنے لگیں گی۔ کشمیر آج بھی ایک صدا ہے جو ہمارے ضمیروں سے ٹکرا رہی ہے۔ یہ صدا کسی ایک دن کو گونج نہیں چاہتی، بلکہ ایک ایسی نسل کا جواب مانگتی ہے جو بیچ کو اپنے لہجے، اپنے الفاظ اور اپنے عمل میں ڈھال لے۔ پانچ فروری اگر ہمیں یہ ہمت دے دے کہ ہم ہر دن حق کے ساتھ کھڑے رہیں، تو یہی دن ایک تاریخ بن جائے گا۔ ورنہ دن گزرتے رہتے ہیں، مگر سوال زندہ رہتے ہیں۔ کشمیر بھی ایک سوال ہے اور اب یہ سوال ہم سب سے جواب مانگ رہا ہے۔

کوٹرادھا کشن یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی

اسسٹنٹ کمشنر آفس سے پل نہر مین بازار تک ریلی نکالی گئی

کوٹرادھا کشن (عبدالرزاق طیبی) کوٹرادھا کشن یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی، اسسٹنٹ کمشنر آفس سے پل نہر مین بازار تک ریلی نکالی گئی کوٹ رادھا کشن ریلی میں شہریوں، طلبہ اور مختلف مکاتب فکر کے افراد کی بڑی تعداد کی شرکت کوٹ رادھا کشن: اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن نے کہا کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیری عوام تنہا نہیں کوٹ رادھا کشن: اسسٹنٹ کمشنر فاروق قریشی نے کہا پاکستان ہر فورم پر کشمیریوں کی سیاسی و سفارتی حمایت جاری رکھے گا کوٹ رادھا کشن: ایس ایچ او سید افتخار بخاری نے کہا ریلی کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ کوٹ رادھا کشن: ایس ایچ او سید افتخار بخاری نے کہا پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیکوٹ رادھا کشن: ریلی کے شرکا نے اقوام متحدہ سے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلانے کا مطالبہ کیا

خطیب جامع مسجد سالار قاضی تجید احمد کے ایصال ثواب کے لیے محفل قل، ختم قرآن پاک اور نعت رسول مقبول کی تقریب

اٹک (بیورو رپورٹ) مہتمم جامع مسجد سالا رصا جبزادہ قاضی توصیف احمد کے بڑے بھائی، قاضی اخلا ق احمد ڈی سی آفس والے، ممتاز عالم دین درس نظامی پروفیسر قاضی طاہر مسعود، قاضی آصف پرنسپل لاریب سکول والے، قاضی آفتاب احمد کے ماموں، خطیب جامع مسجد سالار قاضی تجید احمد کے ایصال ثواب کے لیے محفل قل، ختم قرآن پاک اور نعت رسول مقبول کی تقریب جامع مسجد سالار میں انعقاد پذیر ہوئیں جس میں مرکزی خطیب جامع مسجد حنفیہ اٹک حضرت مولانا غلام محمد صدیقی، مولانا محمود الحسن شاہ) ڈھیری چوہان (، ثناءاللہ شاہ) ڈھیر (، قاری عنایت الٰہی) نجوال (قاری رفاقت حسین) ڈھوک سواں (، ممتاز نعت خواں حافظ محمد رمضان، محمد ساجد قادری، مختیار شاہ، قاضی محمد احمد)سالار (کے علاوہ رہنما پیپلز پارٹی سردار عاصم نواز خان کے فرزند سردار احمد خان، سردار شفاقت خان، سینئر صحا فی و فنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

گدھے کے گوشت کے اپر سے کھل اتارنے کا مکروہ دھندے کا سنگین انکشاف

ایک شخص کو گدھے کی کھال اتارتے ہوئے دیکھا گیا، عینی شاہدین

کوٹ رادھا کشن (نمائندہ خصوصی) کوٹ رادھا کشن میں گدھے کے گوشت کے اپر سے کھل اتارنے کا مکروہ دھندے کا سنگین انکشاف سامنے آیا ہے، جہاں عینی شاہدین کے مطابق ایک شخص کو گدھے کی کھال اتارتے ہوئے دیکھا گیا۔ اسی دوران موقع پر پہنچنے والے مقامی صحافی نے جب ویڈیو بنانا شروع کی تو ملزم نے گدھے کو چھوڑ کر صحافی سے کیمرا چھیننے کی کوشش کی کوٹ رادھا کشن شہریوں کی بروقت مداخلت سے ملزم اپنے ارادوں میں کامیاب نہ ہو سکا۔ جبکہ شہریوں نے فوڈ اتھارٹی اور پولیس سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق گدھے کی کھال اتاری جا رہی تھی۔ صحافی پر حملے کی کوشش نہ صرف صحافتی آزادی پر حملہ ہے بلکہ انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

وزیرآباد میں یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب اسسٹنٹ کمشنر آفس لان میں منعقد ہوئی

پروقار منظم تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک ہوا، نبی کریمؐ کی شان اقدس بیان کی

وزیرآباد (محمد شبیر) وزیرآباد میں یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب اسسٹنٹ کمشنر آفس لان میں منعقد ہوئی جس میں اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ، ایم پی اے وقار چیمہ، سی او بلدیہ عمیر دلدار چیمہ، صدر وزیرآباد پریس کلب عدنان قیصر بٹ و دیگر کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا گیا۔ پروقار منظم تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک ہوا، نبی کریمؐ کی شان اقدس بیان کی، ایک منٹ کی خاموشی، قومی ترانہ پرچم کشائی کے بعد کشمیریوں سے اظہار یکجہتی واک کی گئی جو تحصیل آفس سے ہوتی ہوئی لاہوری دروازہ پر اختتام پزیر ہوئی۔ شرکا ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ کا کہنا تھا کہ پاکستانی قوم خون کے آخری قطرے تک کشمیر کے مسلمانوں کی اخلاقی سفارتی مدد جاری رکھے گا ہر سال 5 فروری کا دن ہمیں اس عہد سے پاسداری کی یاد دلاتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر پر بھارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ٹیکسلا، ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

رمضان المبارک میں امن و امان اور گداگری کے خلاف اقدامات پر غور

ٹیکسلا (نمائندہ خصوصی) ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس، رمضان المبارک میں امن و امان اور گداگری کے خلاف اقدامات پر غور، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے ضلعی دفتر میں ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر محمد حسن طارق نے کی۔ اجلاس میں رمضان المبارک کے دوران امن و امان کے قیام، مذہبی رسومات کی پرامن ادائیگی، اور گداگری کی روک تھام کے لیے مختلف اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ٹیکسلا سے ضلعی امن کمیٹی کے رکن جناب سید نثار حسین نقوی آف شہال پاس نے اجلاس میں شرکت کی اور تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے رمضان المبارک میں نماز اور افطار کے اوقات کے دوران خصوصی انتظامات، جبکہ حضرت علی علیہ السلام کے یوم شہادت کے موقع پر سیکیورٹی اور نظم و ضبط کے مؤثر انتظامات پر زور دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر محمد حسن طارق نے اجلاس کے شرکا کو افطار کارنرز کے قیام اور دیگر انتظامی اقدامات سے متعلق بریفنگ دی اور کہا کہ ضلعی انتظامیہ رمضان المبارک میں عوام کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ضلع وہاڑی کے زیر اہتمام لائیوسٹاک اثاثہ جات منتقلی پروگرام کے تحت مستحق خواتین میں گائے اور بھینسیں تقسیم کرنے کیلئے تقریب منعقد کی گئی

سرگودھا (راجہ فیاض) محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ضلع وہاڑی کے زیر اہتمام لائیوسٹاک اثاثہ جات منتقلی پروگرام کے تحت مستحق خواتین میں گائے اور بھینسیں تقسیم کرنے کیلئے تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری لائیوسٹاک سردار عاصم شیر مگن مہمان خصوصی تھے جبکہ سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر تحصیل وہاڑی اور تحصیل میلسی کی دیہی خواتین میں 226 گائے اور بھینسیں تقسیم کی گئیں جبکہ خواتین میں 5 ہزار روپے مالیت کے لائیوسٹاک کارڈز بھی فراہم کیے گئے۔۔ پارلیمانی سیکرٹری لائیوسٹاک سردار عاصم شیر مگن نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف متوسط طبقے کی بہتری کا عزم رکھتی ہیں لائیوسٹاک سمیت تمام شعبہ جات میں مختلف فلاحی اینشیٹیوز جاری ہیں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا عزم دیہی بیوہ و طلاق یافتہ خواتین کو خود کفیل بنانا ہے، گائے اور بھینسوں کی مفت فراہمی سے مستحق خواتین کی آمدن میں پائیدار اضافہ ممکن ہوگا اور لائیوسٹاک اثاثہ جات منتقلی پروگرام سے دیہی خواتین کا معاشی مستقبل محفوظ بنایا جا رہا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن ہے کہ بیوہ اور طلاق یافتہ خواتین باعزت روزگار حاصل کریں اور گائے اور بھینسوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

سرگودھا پولیس کی جانب سے پتنگ بازی کو روکنے کے لیے ضلع بھر کی اہم چھتوں اور عمارتوں پر دوربینوں اور ڈرون کیمروں کی مدد سے مانیٹرنگ کا عمل جاری



سرگودھا جھاوریاں (راجہ فیاض) ڈی پی او سرگودھا محمد صہیب اشرف کے احکامات کی روشنی میں سرگودھا پولیس کی جانب سے پتنگ بازی کو روکنے کے لیے ضلع بھر کی اہم چھتوں اور عمارتوں پر دوربینوں اور ڈرون کیمروں کی مدد سے مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے۔ اس مہم کا مقصد قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ اور خونی کھیل کا خاتمہ کرنا ہے۔ ڈرون کیمروں کے ذریعے گنجان آباد علاقوں اور بلند و بالا عمارتوں کی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کی نشاندہی کی جا سکے۔ ضلعی سطح پر خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو دوربینوں کی مدد سے مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ پتنگ بازی، دھاتی ڈور کی تیاری اور فروخت میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہیسا جد اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو پتنگ بازی کے نقصانات سے آگاہ کیا جا رہا ہے اور والدین سے اپیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

کشمیری خواتین بنیادی حقوق کی جنگ میں فرنٹ لائن پر کھڑی ہیں، آصفہ بھٹو زرداری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) خاتونِ اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری یوم یکجہتی کشمیر پر کشمیری خواتین اور نوجوانوں کی ہمت و استقلال کو زبردست خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری خواتین بنیادی حقوق کی جنگ میں فرنٹ لائن پر کھڑی ہیں، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مقبوضہ وادی میں خواتین کے خلاف تشدد اور جبر کے ذریعے خاموشی مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، کشمیری خواتین دنیا کی طویل ترین مزاحمتی تحریک میں قائدانہ کردار ادا کر رہی ہیں، آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستانی نوجوان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے حق کے لیے عالمی سطح پر آواز اٹھاتے رہیں گے، خاتونِ اول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

صنعت زار اٹک، محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال اٹک با اشتراک سلکفیل کا سمیٹکس ایک روزہ فری ماسٹر ماسٹر بیوٹیشن کلاس ہوئی

اٹک (راضی خان سے) صنعت زار اٹک، محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال اٹک با اشتراک سلکفیل کا سمیٹکس ایک روزہ فری ماسٹر ماسٹر بیوٹیشن کلاس ہوئی بیوٹی پروفیشنلز اور شائقین آرائش نے شرکت کی، اس کلاس میں ٹوپک پر ڈیمو دیئے گئے سی ای او سلکفیل کاسمیٹکس ملک عمران کی ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا بہترین مہارتیں سکھائی۔ تقریب تقسیم اسناد میں منیجر صنعت زار عارف صدیقی کی صدارت میں جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد حبیب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ دیگر مہمانان گرامی میں مسلم لیگ ن خواتین ونگ اٹک کی جنرل سیکرٹری میڈم رشدہ۔ ممبر چیمبر آف کامرس محترمہ فرزانہ بشیر، بیگم عتیق، اور Urdu Text ای کومسی)ایس ایم سی۔ پرائیویٹ (لمیٹڈ) آئی ٹی سلوشن پروائیڈر (کے سی۔ ای۔ او علی رضا نے اسناد تقسیم کیں۔

پاک بھارت کشیدگی کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے، مولانا محمد زبیر کھٹانہ

جسے اب مزید تاخیر کے بغیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ناگزیر ہو چکا ہے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) مولانا محمد زبیر کھٹانہ ضلعی صدر پاکستان علما کونسل نے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے، جسے اب مزید تاخیر کے بغیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ناگزیر ہو چکا ہے بھارتی بدمعاش نریندر مودی طیاروں کی تباہی دیکھنے کے باوجود کشمیریوں کی نسل کشی سے باز نہیں آ رہا اسے معلوم ہونا چاہئے کہ فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کیا قیادت میں ساری قوم جہاد کے لئے تیار ہے کیونکہ بھارت اب ٹھکائی چاہتا ہے اور ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ تیار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان علما کونسل کے زیر اہتمام یوم کشمیر پر نکالی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

وفاقی آئینی عدالت کی 9 فروری سے 13 فروری تک کیسز کی سماعت کی کازلسٹ جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت کی 9 فروری سوموار سے 13 فروری جمعہ تک کیسز کی سماعت کی کازلسٹ جاری کردی گئی۔ وفاقی آئینی عدالت کے تین بنچز اگلے ہفتے کیسز کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس ارشد حسین شاہ پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار سے جمعہ تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس سید حسن اظہر رضوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

چشتیاں، یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے چشتیاں میں ریلی نکالی گئی

ریلی پاکستان سول آرمی موومنٹ کی جانب سے نکالی گئی، ریلی بلدیہ روڈ سے نکالی اور بخاری چوک اختتام پذیر ہوئی

چشتیاں (محمد شبیر جان) ملک بھر کی طرح چشتیاں میں بھی 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے چشتیاں میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی پاکستان سول آرمی موومنٹ کی جانب سے نکالی گئی۔ ریلی بلدیہ روڈ سے نکالی اور بخاری چوک اختتام پذیر ہوئی۔ جس کی قیادت مرکزی چیئرمین سید اشرف حسین بخاری حاجی ارشد رفیق سید فہد بخاری شیخ رحمان اشرف سید اسد بخاری محمد اعظم گل اشرف رحمانی سید بلال بخاری کاشف رحمانی محمد ندیم بھٹی شیخ طاہر شیخ علی اکبر محمد اللہ رکھا اور نعمان عالم نے کی ریلیوں میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ جن پر کشمیریوں کے حق اور بھارت کے خلاف نعرے درج تھے کشمیر بنے گا پاکستان کشمیر بنے گا پاکستان۔ ریلی میں شرکا کا کہنا تھا کے خطے میں امن کشمیر کے حل کے بغیر ممکن نہیں، بھارت نے کشمیر کو دنیا کے سب سے بڑی جیل بنا دیا ہے، ریلی کا مقصد کشمیری بہن بھائیوں کی آواز اقوام عالم تک پہنچانا ہے،

کوٹرادھا کشن یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی

اسسٹنٹ کمشنر آفس سے پل نہر مین بازار تک ریلی نکالی گئی

کوٹرادھا کشن (عبدالرزاق طیبی) کوٹرادھا کشن یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی، اسسٹنٹ کمشنر آفس سے پل نہر مین بازار تک ریلی نکالی گئی کوٹ رادھا کشن ریلی میں شہریوں، طلبہ اور مختلف مکاتب فکر کے افراد کی بڑی تعداد کی شرکت کوٹ رادھا کشن: اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن نے کہا کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیری عوام تنہا نہیں کوٹ رادھا کشن: اسسٹنٹ کمشنر فاروق قریشی نے کہا پاکستان ہر فورم پر کشمیریوں کی سیاسی و سفارتی حمایت جاری رکھے گا کوٹ رادھا کشن: ایس ایچ او سید افتخار بخاری نے کہا ریلی کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ کوٹ رادھا کشن: ایس ایچ او سید افتخار بخاری نے کہا پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیکوٹ رادھا کشن: ریلی کے شرکا نے اقوام متحدہ سے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلانے کا مطالبہ کیا

محسن انسانیت دنیا کے لیے کامل نمونہ ہے

دلوں کو سکون ملتا ہے اور انسانیت کی نجات کا پیغام ہے، خواجہ دائم الحضوری قصوری

قصور (محمد فیاض سندھو) سید پیر علی حیدر شاہ بخاری سجادہ نشین خواجہ دائم الحضوری قصوری نے کہا ہے کہ محسن انسانیت دنیا کے لیے کامل نمونہ ہے دلوں کو سکون ملتا ہے اور انسانیت کی نجات کا پیغام ہے مدینہ منورہ سے اٹھنے والی وہ نورانی صدا جن جس نے صدیوں کے اندھیرے روشن کر دیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس آج بھی انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے آپ کی حیات طیبہ قران کریم نے اسوہ حسنہ قرار دیا ہے درحقیقت حسن اخلاق حسن عبادت اور حسن معاشرت کا حسین امتزاج ہے جس کی مثال تاریخ انسانی میں نہیں ملتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیاسی و سماجی شخصیت سجاد جہانگیر کی رہائش کا پر ان کے والد جہانگیر عالم کے ایصال ثواب کے لیے منعقدہ محفل میلاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں سید علی المرتضی، ممبران بزم سیدہ کائنات شیخ اسامہ قادری، راابراہیم، شیخ عامر قادری، حاجی محمد اسلم لاہور، ممبران صابری نعت کونسل سید خرم شاہ کاظمی، ڈاکٹر محمد اشفاق چشتی پیر محمد ندیم چشتی بابا محمد اسلام قادری، ابوبکر ایاز خان ایڈوکیٹ، بشارت علی قادری، وسیم عباس قادری، استاد الحفاظ حافظ محمد انعام قادری، علی رضا قادری، حاجی عبدالوحید قادری، و دیگر شخصیات سے شرکت کی تقریب سے معروف نعت خواں الحاج اظہر فریدی برادران، الحاج شوکت نقشبندی چیئرمین پریس کلب قصور، سید زین العابدین شاہ، حافظ سہیل احمد قادری، حافظ محمد ارشد مرتضائی، علی عمران نقشبندی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

تقسیم

از: محمد یعقوب فردوسی امیر بادشاہ

رب کائنات کی اس دنیا میں والدین کی عدالت سے بڑھ کر کوئی عدالت نہیں اور ان کی تقسیم سے بڑھ کر کوئی تقسیم نہیں ہو سکتی اور جو ان کے فیصلے کو تسلیم نہ کرے اس کو اس دنیا کی کوئی عدالت انصاف مہیا نہیں کر سکتی آج سے 33 سال قبل کی بات ہے جب محمد حسین کھیڑا نے اپنے دو فوجی بیٹوں کے لئے ایک کنال اراضی ان کے نام خریدی اور آج وہ لوگ اس میں آباد ہیں مگر ان کے دو بیٹے باپ کی اس تقسیم سے اتفاق نہیں کرتے اور انھوں نے دوسرے دو بھائیوں سے اس زمین کی تمام بہن بھائیوں میں تقسیم 33 سال بعد مطالبہ کر رکھا ہے اس جگہ رہائش پذیر بھائیوں کا یہ کہنا ہے کہ یہ جگہ والد صاحب نے ہمارے لئے خریدی تھی جس کے ڈاکومنٹس ان کے پاس موجود ہیں جس پر صرف دونوں ان بھائیوں کا حق ہے جن کے نام زمین خریدی گئیں قارئین کرام ۔۔۔ مقصود و معروف نامی دونوں بھائی ہٹ دھرمی پر قائم ہیں جو دھمکیاں سرعام دیتے ہیں اور کسی کی بات نہیں سنتے جبکہ رہائش پذیر بھائیوں کا کہنا ہے کہ یہ زمین ہماری ہے اس پر کسی کا کوئی حق نہیں قارئین کرام ۔۔۔ کیا اس دنیا میں کوئی ایسی عدالت ہے جو والدین کی عدالت سے بڑھ ہے اگر نہیں تو ٹھیک اگر ہے تو اعتراض کنندگان بلا خیر اس عدالت سے رجوع کریں تا کہ والدین کی تقسیم کو انصاف مل سکے اور ان کی روحیں عالم برزخ میں سکون سے رہ سکیں یاد رہے کہ وہ زمین محمد یوسف اور محمد یعقوب نامی بھائیوں کی ملکیت ہے جو ان کے والد گرامی نے ان کے نام پر خرید رکھی ہے۔ محمد یعقوب فردوسی امیر بادشاہ، چک نمبر 2 شمالی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

ایریا مینجر محمد ارشد اور برانچ مینجر محمد آصف کی زیر نگرانی لوگوں کا برسوں کا ادھورا خواب پورا ہو گیا اور انہیں نئے سال کا تحفہ مل گیا

سیالکوٹ (رانا نصیر احمد) ایریا مینجر محمد ارشد اور برانچ مینجر محمد آصف کی زیر نگرانی لوگوں کا برسوں کا ادھورا خواب پورا ہو گیا اور انہیں نئے سال کا تحفہ مل گیا۔ اس موقع پر ایریا مینجر NRSP محمد ارشد اور برانچ مینجر محمد آصف نے کہا کہ شہریوں کے مسائل اب ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے جو وعدہ عوام سے کیا تھا اس پر عمل درآمد بھی کیا۔ گورنمنٹ آف پنجاب کا ادارہ NRSP نے چھوٹے کاروبار کے لیئے قرضہ سکیم عوام کا خواب پورا کر دیا۔ شہریوں کو بلا سود ایک لاکھ سے پانچ لاکھ روپے تک کا قرضہ دینا شروع کر دیا گیا

بقیہ "عوامی دنیا" 1

دیگر عالمی ادارے کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے خلاف اپنا قانونی کردار ادا کریں -وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل تک خطے میں پائیدار امن خواب ہی رہے گا۔ مظلوم کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پاکستان کشمیریوں کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ان شاءاللہ کشمیری عوام آزادی کا سورج جلد دیکھیں گے

بقیہ "عوامی دنیا" 2

شہریوں اور سکیورٹی فورسز پر ہونے والے دہشتگردانہ حملوں کی شدید مذمت کی اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور اظہار تعزیت کیا اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ متاثرین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، چین ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں چین مضبوطی سے پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی ایک منظم اور طے شدہ منصوبے کے تحت کی گئی، تاہم سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر رسپانس دیا، انہوں نے چینی سفیر کو بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کے بروقت اور مؤثر آپریشنز سے آگاہ کیا اور چینی شہریوں اور چینی منصوبوں کی حفاظت کے لیے کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی۔ وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ چینی شہریوں اور پراجیکٹس کی حفاظت انہیں بے حد عزیز ہے، پاک چین دوستی کو دشمن کسی صورت نقصان نہیں پہنچا سکتا، چینی شہریوں کو ہر ممکن سکیورٹی فراہم کرنا حکومتِ پاکستان کی اولین ترجیح ہے۔ چینی شہریوں کی حفاظت کے لیے سپیشل پروٹیکشن یونٹ تشکیل دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے خلاف مربوط آپریشنز کے لیے جدید چینی ٹیکنالوجی اور سازوسامان معاون ثابت ہوگا، وزیر داخلہ نے چینی سفیر کو اپنے حالیہ کامیاب دورہ چین سے بھی آگاہ کیا۔ واضح رہے کہ اس ملاقات میں انسدادِ دہشتگردی، داخلی سلامتی اور سکیورٹی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جب کہ انٹیلی جنس شیئرنگ اور سائبر کرائمز کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا، پاک چین سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ چینی سفیر نے چینی شہریوں کی سکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات پر وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا جب کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان کی ہر موقع پر غیر متزلزل حمایت پر چین کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، سیکرٹری داخلہ، سپیشل سیکرٹری داخلہ اور چینی سفارتخانے کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 3

کے باوجود کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ مذکورہ شہریوں نے واپڈا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے کھمبے پر نصب میٹروں کو فوری طور پر درست اور محفوظ طریقے سے نصب کیا جائے تاکہ دکانداروں اور عوام کو ممکنہ جانی و مالی نقصان سے بچایا جاسکے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 4

پورے کہا کشمیر پاکستان کی شہہ رگ ہیہمارے کشمیروں سے رشتہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ہیہم انکی جدوجہد آزادی میں انکے ساتھ ہیں ہماری معیشت کے لیے بھی کشمیر کی آزادی ضروری ہیہمارے دریا کشمیر سے نکلتے ہیں فوجی قیادت کو بنیان مرصوص آپریشن کے بعد شہہ رگ چھڑا خوشحال بنا آپریشن کرنا ہوگا ملک محمد اسلم اعوان امیر جماعت اسلامی زون جھاوریاں نے کہا جماعت اسلامی کشمیر کی آزادی تک ہندو کی برادی تک جنگ جاری رکھیں گے ہندوستان کو مقبوضہ کشمیر پر ناجائز قبضہ چھوڑنا ہوگا راہنما جماعت اسلامی جھاوریاں حافظ عامر شہزاد حاجی نصر حیات لڈیانہ ملک ارسلان ظفر اعوان حاجی چوہدری احمد رشید بھی ریلی میں شامل تھے

بقیہ "عوامی دنیا" 5

ڈاکوں نے وہاں سے گزرنے والے متعدد افراد کو بھی نشانہ بنایا، جن میں زیادہ تر دکاندار شامل تھے جو اپنی دکانوں کے لیے سامان خریدنے جا رہے تھے۔ ڈاکو ان سے بھی ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی سامان چھین کر لے گئے۔ ایک اور واردات میں دو مسلح ڈاکوں نے ٹرک ڈرائیور عنصر سے سینتیس ہزار روپے نقدی چھین لی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ شہریوں اور متاثرہ افراد نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بڑھتی ہوئی ڈکیتی کی وارداتوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 6

پائیدار حل کشمیریوں کی امنگوں اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد سے ہی ممکن ہے، کشمیریوں کا حقوق خودارادیت کا مطالبہ پورا ہونے تک پاکستان اپنی حمایت جاری رکھے گا، مقبوضہ وادی کے کونے کونے سے کشمیر بنے گا پاکستان کی آواز گونج رہی ہے، عظیم قربانیوں کے نتیجے میں جلد کشمیر کی آزادی ممکن ہوگی۔ شہباز شریف نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان نے بھارت کو ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا، اللہ کے کرم، قوم کی دعاؤں اور پاک فوج کی پیشہ ورانہ کارکردگی کی بدولت شاندار فتح نصیب ہوئی، فیلڈ مارشل کی قیادت میں بھارت کو دی گئی شکست ان کی نسلیں بھی نہیں بھولیں گی، معرکہ حق میں شاندار فتح سے کشمیر کا مسئلہ پوری دنیا میں اجاگر ہوا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ عسکری اور سفارتی محاذ پر بھارتی جھوٹ کا بیانیہ دفن ہوگیا، بھارت ذلت آمیز شکست کے بعد اپنی پراکسی کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کرا رہا ہے، خارجہ محاذ پر بھی پاکستان نے زبردست کامیابیاں حاصل کی ہیں، مسئلہ کشمیر کامیابی سے اجاگر کرنے پر نائب وزیراعظم کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے جارحانہ، توسیع و تسلط پسندانہ عزائم ترک کرنے تک خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا، ہماری بہادر افواج بھارتی کٹھ پتلیوں کا وہی حشر کریں گے جو معرکہ حق میں بھارتی طیاروں کا ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ فلسطین اور کشمیر کے عوام کو ان کی مرضی کے مطابق جینے کا حق دینا ضروری ہے، پاکستان نے اہم اسلامی ممالک کے ساتھ مل کر غزہ میں قیام امن کیلئے عملی اقدامات کئے، ہم امن چاہتے ہیں لیکن یہ امن برابری کی سطح پر قائم ہوسکتا ہے، آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ مل کر علاقے میں انفراسٹرکچر بہتر بنانے کا عمل جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مہاجرین کا وظیفہ 3500 سے بڑھا کر 6 ہزار روپے ماہانہ کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ قائد نواز شریف کے وژن کے مطابق کشمیر کاز اور قومی ترقی کے اہداف حاصل کریں گے، کشمیر نوجوانوں کو تکنیکی تعلیم کیلئے دانش یونیورسٹی کا سب کیمپس مظفرآباد میں قائم کیا جائے گا، مظفرآباد میں اسلام آباد کی طرز کا خدمت سیٹر بھی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال 2 ہزار 96 کشمیر طلبہ کو لیپ ٹاپس دیئے گئے، مزید 1700 کشمیری طلبہ کو لیپ ٹاپ فراہم کریں گے، ایجوکیشن بینولنٹ فنڈ کے ذریعے کشمیری نوجوان دنیا کی بہترین جامعات میں تعلیم حاصل کریں گے۔ وزیراعظم نے آزاد کشمیر میں سکولوں کی چھتوں کی تعمیر و مرمت کیلئے ایک ارب روپے فنڈز دینے کا بھی اعلان کیا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 7

ی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سابق رکنِ قومی اسمبلی مخدوم سید مبین احمد، رکنِ صوبائی اسمبلی ممتاز چانگ، تحسین بخاری، سرائیکی رہنما ظہور دھریجہ اور دیگر مقررین نے مرحوم رازش لیاقت پوری کی وسیب کے لیے سیاسی، سماجی اور صحافتی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین نے کہا کہ رازش لیاقت پوری نے سرائیکی وسیب کے حقوق، شعور کی بیداری اور الگ سرائیکی صوبے کے قیام کے لیے بھرپور اور بے لوث جدوجہد کی، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مرحوم کی فکر اور نظریے کو آگے بڑھاتے ہوئے وسیب کے عوام کے حقوق کی بازیابی کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ بعد ازاں مرحوم کم سن بیٹے اذان رازش کی دستار بندی کی گئی

بقیہ "عوامی دنیا" 8

بڑا صدمہ ہے۔ مرحوم شیخ ذکریا نیک دل، ملنسار اور خوش اخلاق انسان تھے اور ان کی وفات ہم سب کے لیے بہت بڑا صدمہ ہے۔ وائس آف شیخ برادری ان کے اہل خانہ کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ پاک ان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحوم کے اہل خانہ کو یہ دکھ برداشت کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے آمین

بقیہ "عوامی دنیا" 9

برس کے مقابلے میں 25 فیصد نمایاں اضافہ ہوا ہے- آلو کی برآمدات کیلئے نئی عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کی جارہی ہے- آلو کے نرخ میں استحکام اور کاشتکاروں کو مناسب معاوضہ کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے نئی ایکسپورٹ مارکیٹ تک رسائی کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں- قازقستان کے ساتھ آلو کی برآمدات بارے اہم پیش رفت ہوئی ہے- پنجاب حکومت کے آلو ایکسپورٹ کے لئے موثر اقدامات یقینی بنانے کے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہے- وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی آلو کی برآمد کے سلسلے میں اگلے ہفتے اسلام آباد میں اہم ملاقاتیں کریں گے

بقیہ "عوامی دنیا" 10

حسین، افتخار حسین صدیقی، محمد اشفاق چیمہ، میاں ارشاد حسین، آغا محمد قاسم، حاجی تبارک علی، ڈاکٹر سید رضا سلطان، الطاف احمد ہاشمی، مرزا تقی علی، صائمہ شہزادی، صوفی محمد اشرف نثار، محمد اسلم جنالہ، ملک محمد سلیم، محمد شاہد صدیق، محمد رف احمد، قاری ظفر اقبال ودیگر نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام انسانیت کے حقوق کا احترام کا درس دیتا ہے غریب و مستحق خاندانوں کو زندگی کی خوشیوں کے دھارے میں شامل رکھنے میں ایکویٹل ویلفیئر آرگنائزیشن کا کردار مثالی ہے، غریب و مستحق افراد، خاندان، صاحب ثروت افراد کے تعاون، مدد کے طالب ہوتے ہیں ایکویٹل ویلفیئر آرگنائزیشن صاحب ثروت افراد کے تعاون سے غریب و مستحق خاندانوں کی بچیوں کی رخصتی کے انتظامات سرانجام دینے کا فریضہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ادا کررہی ہے، ایکویٹل ویلفیئر رگنائزیشن سے لوگوں کا تعاون ہی اسکی کارکردگی کا مظہر ہے، ایکویٹل ویلفیئر آرگنائزیشن کا ہر فرد دکن اجتماعی شادی میں شامل بچیوں کو اپنی حقیقی بہن، بیٹی سے محبت جیسے جذبات کے ساتھ رخصت کرتا ہے ایکویٹل ویلفیئر آرگنائزیشن اجتماعی شادی تقریب کے علاوہ زمینی، آسمانی آفات کی صورتحال میں متاثرہ افراد خاندانوں کی بحالی، علاج معالجہ مین بھرپور تعاون کرتی ہے۔ اجلاس کے اختتام پر قاری ظفر اقبال نے میر آصف محمود کی خوشدامن مرحومہ اور بہنوئی شیخ آصف ندیم مرحوم، ڈاکٹر سید رضا سلطان کی ہمشیرہ مرحومہ اور پھوپھی زاد ڈاکٹر سید طاہر حسین زیدی صدر چیمبر آف کامرس وزیرآباد کی وفات پر بلندی درجات کی دعا کروائی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 11

زخمی ہوگیا جس کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا اور ملزم کے قبضہ 260 گرام چرس اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا گیا،

بقیہ "عوامی دنیا" 12

کے جاری منصوبوں کے لیے وسائل کی فراہمی اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ تقریب میں معروف سابق کرکٹر مشتاق احمد، نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان ائر مارشل) ر (ارشد ملک، صدر الخدمت فاؤنڈیشن وسطی پنجاب اکرام الحق سبحانی، نائب صدر وسطی پنجاب خالد احمد شیخ، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گوجرانوالہ مظہر اقبال رندھاوا، صدر ضلع گوجرانوالہ ڈاکٹر احسان اللہ عثمانی اور جنرل سیکرٹری انیق رندھاوا نے خصوصی شرکت کی۔ مہمان مقررین نے الخدمت فاؤنڈیشن کی فلاحی خدمات، تعلیمی، طبی اور سماجی منصوبوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ الخدمت ملک بھر میں بلاامتیاز انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ کانفرنس میں ضلع گوجرانوالہ کے تاجر برادری، ڈاکٹرز اور شہر کی معزز شخصیات نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی اور خدمتِ انسانیت کے اس بے لوث مشن میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا

بقیہ "عوامی دنیا" 13

ہے جس سے جانی ومالی نقصان کا خدشہ لاحق رہنے لگا ہے۔ مقامی این جی اوز ملت ویلفیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ کی جانب سے سیم نالہ کا پل تعمیر کرنے کیلئے گزشتہ پانچ سال کے دوران 13 مرتبہ تحریری طور پر آگاہ کیا لیکن متعلقہ اداروں نے خاموشی اختیار کی رکھی، چند روز قبل بھوائی شکائت پر پنجاب حکومت نے پل کی تعمیر کیلئے ایگزیکٹیو انجینئر کینال گوجرانوالہ اور سپرنٹنڈنٹ انجینئر ڈرینج سرکل لاہور سے 7 دن میں رپورٹ طلب کرلی ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 14

سیکرٹری خالد حسین باجوہ کی جانب سے شرکا کے لیے ناشتے کا اہتمام کیا گیا۔ ریلی کی نگرانی ضلعی جنرل سیکرٹری چوہدری عمران حبیب سرویا اور ضلعی انفارمیشن سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر فیصل چوہدری آر تھوپیڈک سرجن نے کی۔ اس موقع پر وکلا ونگ سے احد محمود رامے، تحصیل صدر چوہدری ذوالفقار چیمہ، لیبر ونگ صدر اعجاز احمد چشتی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک فاروق، امیدوار برائے ایم پی اے PP67 چوہدری شہزاد گل، طارق محمود مغل سمیت پیپلز پارٹی کے مختلف ونگز کے کارکنان، عہدیداران اور فکٹ ہولڈرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے نعرے لگائے گئے۔ مقررین نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا اور پاکستان پیپلز پارٹی ہر فورم پر کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 15

مالی نہ صرف خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے بلکہ عالمی قوانین کی بھی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے حکومت پاکستان اور بین الاقوامی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیری عوام کی مدد کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ سردار وقاص باقر ڈوگر نے آخر میں کہا کہ کشمیری عوام کی حمایت اور مظالم کے خاتمے کے لیے میڈیا اور سول سوسائٹی کا کردار انتہائی اہم ہے، اور ہم سب کو آواز بلند کرتے رہنا چاہیے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 16

ب رائے کے انعقاد کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے۔ جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ 5 فروری ظلم کے خلاف جدوجہد، حق کی حمایت اور آزادی کی تحریک کا دن ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ انصاف کے نام پر قائم اقوام متحدہ کشمیر کے لیے کب عملی اقدامات کرے گا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ کشمیر کے شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 17

رہے گی۔ تقریب کے اختتام پر کشمیری شہدا کی بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 18

رابطیکی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ آپریشن ردّ الفتنہ بلوچستان میں خونریزی اور انتشار پھیلانے والوں کیلیے واضح پیغام ہے، بی ایل اے کو فتنہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ معصوم شہریوں اور مزدوروں کو نشانہ بناتے ہوئے بھارت کے اشاروں پر پاکستان کی ترقی میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نیکہا کہ پاکستان اپنی وحدت، ترقی اور عوام کیتحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا اور فتنہ انگیزی کی ہرکوشش کا مؤثر اور فیصلہ کن جواب دیا جائیگا، ریاست مضبوط اور قوم متحد ہے جبکہ پاکستان کیخلاف اٹھنے والا ہر ہاتھ قانون کے مطابق پوری طاقت سے توڑا جائے گا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 19

کے گھر کو نذر آتش کردیا جسکا مقدمہ مقامی تھانہ صدر گوجرانوالہ میں ملزمان کے خلاف درج کیا گیا اندراج مقدمہ کے بعد مقدمہ کی پیروی سے روکنے کے لیے مدعی مقدمہ کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں اور مقدمہ واپس نہ لینے پر ملزمان سعد، مواز، پسران اعجاز، احمد، وغیرہ نے چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے گھر پر حملہ کرکے خاتون خانہ کو شدید زدوکوب کیا۔ بعدازاں مقدمہ کے گواہ بابر غفور کی دس سالہ بیٹی پر تشدد کرتے ہوئے اسکے بازوں کی ہڈی توڑ دی جس پر ملزمان کے خلاف دو مقدمات مزید درج کرلیے گے متاثرہ شہری نے بتایا کہ ملزمان کے خوف سے اپنے بیوی بچوں کو رشتہ داروں کے گھروں میں چھوڑ کر دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو چکا ہوں ملزمان اب بھی قتل سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں متاثرہ شہری نے وزیراعلیٰ پنجاب سی پی او گوجرانوالہ دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ ملزمان کو گرفتار کرکے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 20

لانہیں۔ مخدوم سید مبین احمد نے کہا کہ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی ریاستی جبر کا فوری نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق آزادی دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 21

مقدمہ درج کیا گیا۔ ایس ایچ او آصف خان کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنیکل ذرائع اور ہیومن انٹیلی جنس کو بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور تفتیش کی اور قلیل مدت میں ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ ایس پی پٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملزم کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتا، قانون سے کوئی بھی بالاتر نہیں، جرائم پیشہ افراد کو ہر صورت انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ اہل علاقہ نے بھی ایس ایچ او آصف خان اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 22

اظہار انہوں نے مال روڈ پر یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ریلی میں خواتین، بچوں کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ نے بھی شرکاء سے خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے حکمرانوں کو باور کرایا کہ یوم یکجہتی کشمیر کو چھٹی یا رسم کے طور پر نہ منائیں بلکہ مقبوضہ وادی کے عوام کو بھارتی تسلط اور ظلم سے نجات دلانے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کے بعد قوم کو بتایا گیا تھا کہ ہندوستان سے پانی کے حق پر بات ہوگی۔ انہوں نے سوال کیا کہ تاحال اس مسئلہ پر کیا پیش رفت ہوئی، اسی طرح ٹرمپ کی کشمیر پر ثالثی کے حوالے سے بھی بتایا جائے کہ اس کا کیا بنا؟ حافظ نعیم الرحمٰن نے واضح کیا کہ مسئلہ کشمیر پر حق خودارادیت کے علاوہ کسی قسم کی ثالثی قبول نہیں کی جائے گی۔ مودی کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے منصوبے پر گامزن ہے، اس نے عالمی اور دو طرفہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت کا خاتمہ کیا۔ اسلام آباد نے مودی کے اقدام سے لے کر آج تک ان مسائل پر جاندار موقف نہیں اٹھایا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اقوام متحدہ بے بس ہے، کشمیر اور فلسطین میں ہونے والے ظلم پر اس ادارہ کی خاموشی اس کی بے بسی کا واضح ثبوت ہے، مسلمان حکمرانوں کو چاہیے تھا کہ اقوام متحدہ کی نااہلی اور خاموشی کے معاملہ پر بھرپور احتجاج کرتے تاہم یہ حکمران بذات خود سامراجی طاقتوں کی خوشنودی میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ نے اقوام متحدہ کے متوازی غزہ امن بورڈ کے نام پر ایک ادارہ بنالیا ہے۔ پاکستان کے حکمرانوں نے قوم کی مرضی کے برعکس اس ادارہ میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ قوم کو حکمرانوں کے یکطرفہ فیصلے قبول نہیں۔ پاکستانی فوج کو غزہ نہ بھیجا جائے، اگر فوج غزہ گئی تو اسے چاہتے نہ چاہتے ہوئے حماس کو غیر مسلح کرنے کے عمل کا حصہ بننا پڑے گا، واضح کردینا چاہتا ہوں کہ پاکستانی قوم حکمرانوں کے اس عمل کو کبھی معاف نہیں کرے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ جتنا کشمیر آزاد ہوا بزور شمشیر ہوا، اقوام متحدہ اور عالمی برادری اسی طرح خاموش رہی تو واضح ہو رہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر بھی بزور شمشیر ہی آزاد ہوگا۔ کشمیریوں کی بھارتی تسلط اور ظلم کے خلاف مزاحمت عالمی قوانین کے عین مطابق ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان میں ان حکمرانوں کی ضرورت ہے جو اہل کشمیر و فلسطین کا مقدمہ پوری جرأت سے لڑیں۔ موجودہ مسلط نظام اور براجمان طبقہ نہ تو قوم کو اس کا حق دے رہے ہیں اور نہ ہی امت کے لیے موثر آواز اٹھا رہے ہیں، موجودہ نظام اور اس کے رکھوالوں کو رخصت کرنا پڑے گا۔ قوم جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر نظام بدلنے کی جدوجہد کرے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 23

مصطفیٰ، میاں شہباز احمد، شیخ نعیم انور زبیری، ارسلان بٹ، رانا عقیل احمد سمیت کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ناصر محمود کلیر نے ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے اور وہ دن دور نہیں جب ہندوستان کو مقبوضہ کشمیر سے بھاگنا پڑے گا اور آزادی کشمیریوں کا مقدر بنے گی، کشمیری عوام پر مظالم سے بھارت کا مکروہ چہرہ سامنے آگیا ہے بھارت کشمیریوں کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کررہا ہے، کشمیر عالمی مسئلہ ہے بھارتی یکطرفہ اقدام کی حیثیت نہیں، اقوام متحدہ مقبوضہ کشمیر سے بھارتی تسلط ختم کرائے بھارتی آئین کے تحت کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ بھارت کی تباہی کا پیغام لیکر آئے گا۔ شرکا نے احتجاجی کتبے اٹھا رکھے تھے اور بھارت کے خلاف خوب نعرہ بازی کی۔ دریں اثنا احمد نگر رود پر ماڈل بازار کے تاجروں اور علی پور چٹھہ میں بھی جماعت اسلامی کی جانب سے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 24

بر سلیم دوران علاج اسپتال میں انتقال کرگیا۔ بابر سلیم چکوال کا رہائشی تھا اور تھانہ ڈھڈیال میں درج مقدمے میں گرفتار تھا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 25

برادری کی بے حسی لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل ترین حالات میں بھی کشمیریوں کا عزم اور حوصلہ برقرار ہے۔ کشمیر کا بحران عالمی برادری کی بے حسی کا نوحہ ہے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور بھارت گزشتہ 78 برسوں سے مقبوضہ کشمیر پر ناجائز قبضہ کیے ہوئے ہے، بھارتی افواج کشمیری مسلمانوں پر بدترین ظلم وستم ڈھا رہی ہیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 26

رادھا کشن کے پارک نمبر 4 اور ریلوے اسٹیشن پارکس کا چھٹی کے روز بھی اسسٹنٹ کمشنر محمد فاروق قریشی اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ملک احتشام کے وڈٹ جاری اور پارکس کی مذید تزئین و آرائش اور بہتری کے احکامات جاری

بقیہ "عوامی دنیا" 27

میں چاند ریاض، نوید ریاض اور دیگر عہدیداران نے تاجر برادری سے فرداً فرداً ملاقاتیں کرکے ان کے اعتماد، تعاون اور ووٹ پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر صرافہ بازار تاجر برادری کی جانب سے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے گئے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کی

بقیہ "عوامی دنیا" 28

مارچ میں مارچ میں شریک قائدین اور رہنماں سیکرٹری جنرل جماعت لاہور، اظہر بلال، نائب امرا لاہور خالد احمد بٹ، انجینئر اخلاق احمد، ملک شاہد اسلم، چوہدری محمد شوکت، وقاص احمد بٹ ن، حافظ کاظم رضا شیعہ علما کونسل، ڈپٹی سیکرٹریز عامر نثار خان، مرزا شعیب یعقوب، قیصر شریف، سیکرٹری کے جے آئی یوتھ لاہور حمزہ بلال اور خواتین رہنماوں میں ثمینہ سعید، ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، عظمی عمران، راشدہ شاہین، زیب آصف، شازیہ عبدالقادر، شگیما عثمان اور حمزہ بلال سیکرٹری کے آئی یوتھ لاہور سمیت جماعت اسلامی کی مرکزی، صوبائی اور ضلعی قیادت، خواتین رہنماں، نوجوانوں، بچوں، بزرگوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ شرکا نے کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیر بنے گا پاکستان اور فلسطین و مسجد اقصیٰ کی آزادی کے حق میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور پرجوش نعرے بازی کی۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیا الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکومت یوم یکجہتی کشمیر کو محض رسمی تقریب نہ بنائے بلکہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کرے، پانچ فروری کو صرف تقاریر نہیں بلکہ قوم کو یہ بتایا جائے کہ آزادی کشمیر کے لیے اب تک کیا عملی پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غزہ پیس بورڈ میں شمولیت مسترد کرتے ہیں۔ حکمرانوں یا جرنیلوں نے ایک لفظ اسرائیل کی حمایت میں بولا تو پاکستانی قوم عبرت کا نشان بنا دے گی۔ انہوں نے کہا کہ اہل لاہور نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ مظلوم کشمیریوں اور فلسطینی عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کشمیر کی آزادی کے بغیر پاکستان کی تکمیل نامکمل ہے اور مسئلہ کشمیر و فلسطین امتِ مسلمہ کا مشترکہ مسئلہ ہے جس کے حل کے لیے مضبوط اور واضح حکمت عملی ناگزیر ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ نے کہا کہ کشمیریوں اور فلسطینیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور آزادی کی جدوجہد ضرور کامیاب ہوگی، جبکہ سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال نے کہا کہ 2019 کے بعد سے حکمرانوں نے عملی اقدامات کے بجائے صرف زبانی بیانات پر اکتفا کیا ہے۔ سیکرٹری کے آئی یوتھ لاہو چوہدری محمد شوکت نے کہا کہ نوجوان نسل کشمیر اور فلسطین کے مظلوم عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی رکھتی ہے اور ان کی آواز ہر فورم پر بلند کی جاتی رہے گی۔ دیگر مقررین نے بھی حکومت سے مطالبہ کیا کہ کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر واضح، جامع اور مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے

بقیہ "عوامی دنیا" 29

علما کرام) محمد سعید احمد صدیقی، مولانا محمد اکبر نقشبندی، محمد یوسف کھوکھر (کرسچن کمیونٹی) شہزار لارنس، پادری عارف سراج، پادری ہارون اجمل (اور شہریوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے کہا کہ تاریخ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ناجائز قبضے اور مظلوم کشمیریوں پر جبر و استبداد سے بھری پڑی ہے۔ کشمیر کی آزادی تک ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر بھارت کے ظلم و بربریت کے خلاف اقوام عالم کی توجہ مبذول کرانے کی بہترین کوشش ہے۔ حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں دینے والے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ کشمیری عوام کے دل پاکستانیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں کشمیر بھارتی تسلط سے جلد آزاد ہوگا اور پاکستان کا حصہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری تجدید عہد کا دن ہے پاکستانی قوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہے، آج وہ سیاہ دن ہے جس دن کشمیریوں کا حق تلف کرنے کی کوشش کی گئی۔ پاکستان کا بچہ بچہ

کشمیریوں کے حق خودارادیت کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے

ڈپٹی کمشنر

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے ' کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول تک پاکستان کشمیر کا مقدمہ سفارتی 'اخلاقی سمیت ہر عالمی محاذ پر لڑتا رہے گا جب تک کشمیر آزاد اور پاکستان کا حصہ نہیں بن جاتا، نوید احمد

تاریخ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ناجائز قبضے اور مظلوم کشمیریوں پر جبر و استبداد سے بھری پڑی ہے، کشمیر کی آزادی تک ہر فورم پر آواز بلند کی جائیگی، یوم یکجہتی کشمیر بھارت کے ظلم و بربریت کیخلاف اقوام عالم کی توجہ مبذول کرانے کی بہترین کوشش ہے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول تک پاکستان کشمیر کا مقدمہ سفارتی، اخلاقی سمیت ہر عالمی محاذ پر لڑتا رہے گا جب تک کشمیر آزاد اور پاکستان کا حصہ نہیں بن جاتا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے ضلعی انتظامیہ اور سول سوسائٹی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے کی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر دفتر میں پرچم کشائی بھی کی گئی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر دفتر تا دستگیر چوک تک نکالی گئی جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فیصل سلطان، اسسٹنٹ کمشنر سٹی اقرا مبین گوندل، اسسٹنٹ کمشنر صدر فیصل مجید، ایس ڈی اوز، پولیس، پیرا فورس، محکمہ تعلیم، کالجز، تعلقات عامہ، ہیلتھ، ریسکو 1122، سول ڈیفنس، کارپوریشن، سوشل ویلفیئر، لوکل گورنمنٹ، ضلع کونسل، پرائیوٹ سکولز، واسا، جی ڈبلیو ایم سی، طلبا و طالبات، سول سوسائٹی سمیت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

مولانا محمد شاداب رضا نقشبندی کی خصوصی ہدایت پر ملک گیر یکجہتی کشمیر منایا گیا

ملک بھر میں مظاہرے، ریلیاں اور سیمینارز کانفرنسز منعقد کی گئیں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) گوجرانوالہ سربراہ پاکستان سنی تحریک مولانا محمد شاداب رضا نقشبندی کی خصوصی ہدایت پر ملک گیر یکجہتی کشمیر منایا گیا، ملک بھر میں مظاہرے، ریلیاں اور سیمینارز کانفرنسز منعقد کی گئیں، اس موقع پر مرکزی رہنما اور صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری نے آزاد کشمیر مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی افواج کے مظالم نہتے کشمیریوں کے حوصلے پست نہیں کر سکے، مسئلہ کشمیر میں اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد نہ ہونا عالمی اداروں کی سخت ناکامی اور نااہلی قابل شرم ہے۔ نام نہاد مہذب عالمی معاشرہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 54)

کشمیری عوام کو ان کا حقِ خودارادیت دلایا جائے، ڈاکٹر میاں محمد اجمل قادری

کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی مظالم، جبر اور انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں

لاہور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آج یوم یکجہتی کشمیر ہے اسی سلسلہ میں مرکزی جمعیت علما اسلام پاکستان کے امیر ڈاکٹر میاں محمد اجمل قادری جامعہ الحرمین غازی روڈ کے پرنسپل پیر مفتی محمد ریاض جمیل۔ مرکزی سیکرٹری جنرل مفتی خالد ازہر۔ مرکزی جمعیت علما اسلام کے رابطہ سیکرٹری پیر میاں عرفان الحق قادری۔ نائب امیر مفتی احمد علی ثانی۔ نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کا ہر فرد اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی مظالم، جبر اور انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 52)

مقامی سماجی شخصیت چوہدری محمد اکرام خالق حقیقی سے جا ملے

جن کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مقامی سماجی شخصیت چوہدری محمد اکرام گجر آف محلہ گوجراں کمانوالہ سیالکوٹ بقضائے الٰہی انتقال کر گئے جن کی نماز جنازہ کمانوالہ میں ادا کر دی گئی۔ دریں اثنا پاکستان مشائخ علما کونسل کے مرکزی وائس چیئرمین پیر حافظ محمد اشرف نقشبندی، پیر ضمیر اختر رانا، سیکرٹری جنرل سجاد احمد حکیم القادری، ترجمان پیر مظہر حسین اعوان، ڈسٹرکٹ چیئرمین برائے لیگل ونگ سیالکوٹ چوہدری فرحت عباس گجر ایڈووکیٹ، ڈاکٹر شمس چوہان، چوہدری فضل چوہان، (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 53)

باڈر پر قوم کے دلیر سپوتوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جانوں کا نظرانہ پیش کیا، بابر علاالدین

وزیر آباد (محمد شبیر) مسلم لیگ ن کے سابق بریگیڈیر (ر) بابر علاالدین نے کہا کہ باڈر پر قوم کے دلیر سپوتوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جانوں کا نظرانہ پیش کیا اور قوم کی لاج رکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز باڈر پر جنگ میں ارض پاک کی خاطر پاک فوج کے جوان اپنی جانوں کا نظرانہ دے کر پاکستان کی حفاظت کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو نہ صرف بیرونی بلکہ اندرونی جارحیت کا بھی سامنا ہے ان شہیدوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں جن کی قربانی کی بدولت ہمارا ملک پاکستان آزاد خطہ ہے اور مسلمانوں کی حکمرانی میں زندگی گزار رہے ہیں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

کشمیر اور پاکستان دو جسم ایک جان ہیں، مختار حمزہ بھٹی

کشمیر مذمت سے نہیں مرمت سے حاصل کریں گے ،مولوی محمد بشیر

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کشمیر اور پاکستان دو جسم ایک جان ہیں مختار حمزہ بھٹی !! کشمیر مذمت سے نہیں مرمت سے حاصل کریں گے مولوی محمد بشیر !! تفصیلات کے مطابق پانچ فروری کو پاکستان بھر کی طرح جاکے چٹھہ کے نواحی گاں کشمیر کالونی میں بھی جوں کشمیر اتحاد وزیر آباد کے صدر مولوی محمد بشیر کے زیر قیادت کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کی گئی اور ریلی نکالی گئی جس میں جوں کشمیر اتحاد کے چیئرمین مختار حمزہ بھٹی نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر ضلع وزیر آباد کی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

جماعت اہلِ سنت پاکستان ضلع کوٹ ادو کے زیرِ اہتمام کشمیر سے اظہارِ یکجہتی کا پروگرام

پروگرام میں ضلعی عہدیداران اور کارکنان نے شرکت کی

کوٹ ادو (محمد طاہر ہاشمی) جماعت اہلِ سنت پاکستان ضلع کوٹ ادو کے زیرِ اہتمام کشمیر سے اظہارِ یکجہتی کا پروگرام جماعت اہلِ سنت پاکستان ضلع کوٹ ادو کے زیرِ اہتمام کشمیر کے مظلوم عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک مختصر مگر بامقصد پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام میں ضلعی عہدیداران اور کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلعی امیر مولانا محمد ہاشم سلیمانی، ضلعی ناظم مولانا طاہر رسول عارض، مفتی طاہر الحسن باروی اور دیگر عہدیداران نے کشمیر کے مسئلے پر روشنی ڈالتے ہوئے عالمی اداروں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر لوک ورثہ اسلام آباد میں دستخطی مہم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر جموں و کشمیر لبریشن سیل کے زیر اہتمام لوک ورثہ اسلام آباد میں دستخطی مہم اور تاریخ جموں و کشمیر، مسئلہ کشمیر اور تحریک آزادی کشمیر کی کتب کا اسٹال لگایا گیا، سٹال پر پمفلٹس، بروشرز اور تصاویر کے ذریعے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو بے نقاب کیا گیا۔ اس (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 51)

ممنوعہ ڈور کے استعمال سے خوشی کے تہوار کو خونی نہ بنایا جائے

وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا راولپنڈی میں ڈور سے بچی کے زخمی ہونے کا نوٹس، کمشنر راولپنڈی سے رپورٹ طلب

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راولپنڈی میں ڈور سے بچی کے زخمی ہونے کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کمشنر راولپنڈی سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بسنت صرف لاہور منائی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 50)

حکومت کی طرف سے 50 ہزار روپے دلوانے کا جھانسہ دیکر طلائی بالیاں چھین کر فرار ہونے والے ملزم کے خلاف مقدمہ درج

قصور (محمد فیاض سندھو) حکومت کی طرف سے 50 ہزار روپے دلوانے کا جھانسہ دیکر طلائی بالیاں چھین کر فرار ہونے والے ملزم کے خلاف مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق شہباز روڈ گلی نمبر 14 قصور کے رہائشی فیاض احمد ولد نور محمد نے پولیس تھانہ اے ڈویژن قصور میں مقدمہ درج کروایا کہ میری والدہ سودا سلف خریدنے کے لئے بازار آئی جہاں سے کسی نامعلوم نے گو (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 32)

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر خیر پور سادات میں بھرپور جوش و خروش اور ملی جذبے کے ساتھ منایا گیا

انجمن غلامانِ مصطفیٰ کے زیرِ اہتمام ایک پرامن اور منظم ریلی نکالی گئی

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر خیر پور سادات میں بھرپور جوش و خروش اور ملی جذبے کے ساتھ منایا گیا انجمن غلامانِ مصطفیٰ کے زیرِ اہتمام ایک پرامن اور منظم ریلی نکالی گئی جس میں علما کرام، وکلا، سماجی رہنماں، میڈیا نمائندگان، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی میں رانا ہدایت اللہ نقشبندی، چوہدری ندیم ایڈووکیٹ، میاں منور فریدی ایڈووکیٹ، رائے جاوید اقبال، رائے ظفر اقبال جانگلہ، محمد صدیق سلطانی، فاروق خان گوپانگ، قاضی بلال، میاں فہیم فریدی سمیت دیگر معزز شخصیات شریک ہوئیں۔ شرکا نے پاکستانی اور کشمیری پرچم، (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

ایم ایس بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور ڈاکٹر محمد کاشف نے ہسپتال پارکنگ کے ٹھیکیدار کا اوور چارجنگ کرنے پر اس کے خلاف مقدمہ درج کروادیا

قصور (محمد فیاض سندھو) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری کی ہدایت پر ایم ایس بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور ڈاکٹر محمد کاشف نے ہسپتال پارکنگ کے ٹھیکیدار کا اوور چارجنگ کرنے پر اس کے خلاف مقدمہ درج کروادیا۔ تفصیل کے

گیس سلنڈروں کی دکان میں دھماکہ دکاندار جھلس کر شدید زخمی

گزشتہ روز وہ اپنی دکان پر موجود تھا کہ اچانک گیس سلنڈر دھماکہ ہونے سے آگ لگ گئی

کامونکے (رانا محمد ناصر سے) کامونکے اور گردو نواح میں گیس فلنگ اور پٹرولیم کی غیر قانونی ایجنسیاں سرکاری سرپرستی میں بدستور، گیس سلنڈروں کی دکان میں دھماکہ دکاندار جھلس کر شدید زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ سادھوکے میں 35 سالہ عمران گورائیہ نامی شخص نے گیس سلنڈروں کی دکان بنا رکھی ہے۔ گزشتہ روز وہ اپنی دکان پر موجود تھا کہ اچانک گیس سلنڈر دھماکہ ہونے سے آگ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 35)

بہاول پور کے اہم مسئلہ سیوریج پر ایک بار پھر خوش خبری سنا دی گئی ہے

صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ ذیشان رفیق کے ساتھ بہاول پور میں سیوریج کے سنگین مسائل پر توجہ دلائی

بہاول پور (ٹیپو سلطان گورایا) بہاول پور کے اہم مسئلہ سیوریج پر ایک بار پھر خوش خبری سنا دی گئی ہے۔ ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی جناب ملک ظہیر اقبال چنڑ نے پنجاب اسمبلی کے فلور پر صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ ذیشان رفیق کے ساتھ بہاول پور میں سیوریج کے سنگین مسائل پر توجہ دلائی۔ جس پر وزیر لوکل گورنمنٹ کا کہنا تھا کہ ڈپٹی اسپیکر کی آواز پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 37)

چوہدری شاہد فاروق سندھو اور ڈائریکٹر حافظ شاہد فاروق کا کامیاب دورہ ترکی

سی ای او الفاروق گروپ چوہدری شاہد فاروق سندھو اور ڈائریکٹر حافظ شاہد فاروق نے حالیہ دنوں ترکی کا کامیاب دورہ کیا

کامونکے (رانا محمد ناصر سے) سی ای او الفاروق گروپ چوہدری شاہد فاروق سندھو اور ڈائریکٹر حافظ شاہد فاروق کا کامیاب دورہ ترکی۔ تفصیل کے مطابق سی ای او الفاروق گروپ چوہدری شاہد فاروق سندھو اور ڈائریکٹر حافظ شاہد فاروق نے حالیہ دنوں ترکی کا کامیاب دورہ کیا، اس دورے کے دوران الفاروق گروپ کو 550 افراد پر مشتمل ڈیمانڈ لیٹر موصول ہوا، جو ادارے پر بین الاقوامی اعتماد کا واضح مظہر ہے۔ یہ دورہ نہ صرف الفاروق گروپ کے لیے اہم سنگِ میل ثابت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)

کامونکے میں کشمیریوں سے یکجہتی کی ریلیاں

شہریوں کی عدم دلچسپی نمایاں، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے کامونکے میں نکالی گئی

کامونکے (رانا محمد ناصر سے) کامونکے میں کشمیریوں سے یکجہتی کی ریلیاں، شہریوں کی عدم دلچسپی نمایاں، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے کامونکے میں نکالی گئی مختلف ریلیوں میں شہریوں کی شرکت نہ ہونے کے برابر رہی، جس کے باعث ریلیوں کا مقصد پورا نہ ہو سکا۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کامونکے میں اسسٹنٹ کمشنر زرخونہ خالد سعید کی قیادت میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی جو چند قدم چلنے کے بعد دفتر کے مین گیٹ کے سامنے ہی اختتام پذیر ہوگئی۔ ریلی میں میونسپل کمیٹی کے چند ملازمین اور مخصوص افراد نے شرکت کی، جبکہ سول سوسائٹی اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 49)

صنعتوں کے فروغ کیلئے پیکج کے اعلان سے انڈسٹری ترقی کریگی

برآمدات میں اضافہ ہوگا اور بے روزگاری کے خاتمے میں مدد ملے گی، محمد سجاد کھوکھر

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی پنجاب بریگیڈیئر (ر) محمد سجاد کھوکھر ستارہ امتیاز نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مقامی صنعتوں کے فروغ اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے نوجوانوں کو انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ ہنرمند اور باوقار روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں انہوں نے ان خیالات کا اظہار وزیر آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صدر وزیر آباد چیمبر آف کامرس ا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 47)

بھلوال میں کچا پھاٹک پر کار اور ملت ایکسپریس ٹرین میں تصادم

خوفناک حادثے کے نتیجے میں ایک ڈاکٹر جاں بحق، ایک شدید زخمی

جھاوریاں سرگودھا (راجہ فیاض) بھلوال میں کچا پھاٹک پر کار اور ملت ایکسپریس ٹرین میں تصادم، سرگودھا: خوفناک حادثے کے نتیجے میں ایک ڈاکٹر جاں بحق، ایک شدید زخمی سرگودھا: جاں بحق کی شناخت 32 سالہ ڈاکٹر اسد کے نام سے ہوئی ہے سرگودھا: ملت ایکسپریس سرگودھا سے لالہ موسیٰ جا رہی تھی سرگودھا: ٹرین حادثے میں زخمی ہونے والے 30 سالہ ڈاکٹر عقیل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 46)

صدر، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کا فورسز کو بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر خراج تحسین

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ سیکیورٹی فورسز کو بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 1 کی کامیاب تکمیل پر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 38)

جماعت اسلامی واہ کینٹ، ٹیکسلا اور حسن ابدال کے زیر اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں مختلف طبقات پر مشتمل ایک عظیم الشان عوامی گرینڈ جرگہ منعقد کیا گیا

واہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) جی ٹی روڈ پر بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کے خلاف جماعت اسلامی واہ کینٹ، ٹیکسلا اور حسن ابدال کے زیر اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں مختلف طبقات پر مشتمل ایک عظیم الشان عوامی گرینڈ جرگہ منعقد کیا گیا۔ جرگے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، ٹرک و ڈمپر ایسوسی ایشن کے عہدیداران، انجمن تاجران، سماجی و فلاحی تنظیموں کے سربراہان، وکلا، علما کرام اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یہ واہ کینٹ ٹیکسلا کی تاریخ کا سب سے بڑا گرینڈ جرگہ تھا جس میں 50 سے زائد تنظیموں کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 48)

پوری قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کر رہی ہے، شیخ سلمان سرور

حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے جو انہیں ملنا چاہیئے

اٹک (راضی خان سے) مسلم لیگ ن کے رہنما سابق امیدوار صوبائی اسمبلی شیخ سلمان سرور نے کہا پوری قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کر رہی ہے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے جو انہیں ملنا چاہیئے۔ کشمیریوں کو جہاں بھی پاکستان کی ضرورت ہوگی ہم ان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوں گے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہیں عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ مظلوم کشمیریوں کو ان کے جائز حق خودارادیت دلانے میں اپنا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پریمیئر لا کالج وزیر آباد میں ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا

جس کا مقصد کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار اور بھارتی مظالم کے خلاف آواز بلند کرنا تھا

وزیر آباد (محمد شبیر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پریمیئر لا کالج وزیر آباد میں ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار اور بھارتی مظالم کے خلاف آواز بلند کرنا تھا۔ تقریب میں طلبہ و طالبات، وکلا، اساتذہ اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ڈائریکٹر پریمیئر لا کالج وزیر آباد سلیم شاہین ایڈووکیٹ نے کی جبکہ مہمانانِ خصوصی میں سعد سعود تاڑر ایڈووکیٹ، پرنسپل محمد عمر محبوب (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 39)

25 لاکھ افراد گزشتہ اڑھائی سالوں میں ملک چھوڑ کر جا چکے ہیں، قاضی احمد اکبر

مسلم لیگ ن کے نمائندوں نے عوامی مسائل پس پشت ڈال رکھے ہیں

اٹک (راضی خان سے) پاکستان تحریک انصاف ضلع اٹک کے صدر و ممبر پنجاب اسمبلی قاضی احمد اکبر نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی حالات ایسے ہیں کہ 25 لاکھ افراد گزشتہ اڑھائی سالوں میں ملک چھوڑ کر جا چکے ہیں بے روزگاری سے تنگ نوجوان جو ملک کا مستقبل ہوا کرتے ہیں لیکن آج ملک کی ترقی میں کردار ادا کرنے والے نوجوان ملک سے باہر جانے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں ملک کے معاشی حالات ابتر ہو چکے ہیں، انڈسٹری کے حالات ایسے ہیں کہ 16 سے زائد ملٹی نیشنل کمپنیاں ملک چھوڑ کر چلی گئی ہیں جس میں ایک اندازے کے مطابق 22 ہزار خاندانوں کی ملازمتیں لگی ہوئی تھیں، حکومت کے پاس وسائل نہیں کہ انہیں ملازمتیں دے سکے فارم 47 کی حکومت عوام کے حقوق کی جنگ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 40)

جماعت اہل سنت پاکستان اور جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر ریلی

ریلی جامع مسجد انوار المساجد پاپولر نرسری سے شروع ہوئی اور قبرستان روڈ سے واپس جامع مسجد انوار المساجد پاپولر نرسری اختتام پذیر ہوئی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) جماعت اہل سنت پاکستان اور جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان کے زیر اہتمام جانشین ولی کامل علامہ صاحبزادہ پیر محمد داؤد رضوی امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان کی زیر قیادت یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی جو جامع مسجد انوار المساجد پاپولر نرسری سے شروع ہوئی اور قبرستان روڈ سے واپس جامع مسجد انوار المساجد پاپولر نرسری اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں بزرگ عالم دین علامہ خالد حسن مجددی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 44)

فیصل آباد میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے جماعت اسلامی کے کارکنوں کا چنیوٹ بازار سے گھنٹہ گھر تک مارچ

فیصل آباد (نیوز ڈیسک) فیصل آباد میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے جماعت اسلامی کے کارکنوں نے پنجاب کیچرل سیکرٹری ڈاکٹر بابر رشید، ضلعی امیر محبوب الزماں بٹ، یاسر کھارا، میاں طاہر ایوب، اجمل بد، افضال شاہین ودیگر کی قیادت میں چنیوٹ بازار سے گھنٹہ گھر تک مارچ کیا جس میں خواتین اور معصوم بچے بھی شریک تھے جبکہ خواتین ریلی کی قیادت سعدیہ رحمان، ڈاکٹر فہمیدہ الیاس نے کی۔ شہر بھر سے سینکڑوں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں پر جماعت اسلامی کے کارکن زوجل امراء کی قیادت میں جلوسوں کی شکل میں شریک (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 43)

اٹک میں یوم کشمیر کے حوالے سے تقریب اور واک کا اہتمام کیا گیا

جس کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اٹک عارف قریشی تھے

اٹک (راضی خان) اٹک میں یوم کشمیر کے حوالے سے تقریب اور واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اٹک عارف قریشی تھے۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری الطاف حسین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر ایلیمنٹری سید محمد تقی، چیف آفیسر بلدیہ اٹک سردار آفتاب احمد خان، مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور طلبا وطالبات نے شرکت۔ کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ضلع کونسل سے کچہری چوک تک واک کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ریلی کے شرکا نے بازوں پر کالی پٹیاں باندھ رکھی تھیں۔ ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اٹک (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 42)

شہر کامونکے میں سوئی گیس کا پائپ ڈالنے کے نام پر کھدائی کا سلسلہ جاری

شہر کی مصروف ترین شاہراہ عالمگیر روڈ کو اکھاڑ دیا گیا

کامونکے (رانا محمد ناصر سے) شہر کامونکے میں سوئی گیس کا پائپ ڈالنے کے نام پر کھدائی کا سلسلہ جاری، شہر کی مصروف ترین شاہراہ عالمگیر روڈ کو اکھاڑ دیا گیا۔ قبل ازیں کھودی گئی پختہ گلیاں تاحال مرمت نہ ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کامونکے شہر کی مصروف ترین شاہراہ عالمگیر روڈ کی بھی گیس پائپ لائن بچھانے کے نام (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)

ضرورت نمائندگان
عوامی دنیا NEWS HD
کو اپنی بڑھتی ہوئی سرکولیشن کے پیش نظر
ملک بھر سے
بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، نامہ نگار
نمائندہ خصوصی، سٹی رپورٹر، اور کورٹس رپورٹر کی ضرورت ہے
نمائندگان اس نمبر پر رابطہ کریں
0322-8882222
صحافت کا تجربہ رکھنے والے افراد رابطہ کریں۔